ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (251)

مورخہ 03/05/2023

**بہاولپور(      ) تھانہ سول لائنز پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائی،01 کلوگرام سے زائد چرس اور 90 لیٹر دیسی شراب برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔منشیات جیسی لعنت سے اس معاشرے کو پاک کرنا مقصود ہے،ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیل کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور سید محمد عباس کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ سول لائنز نے ٹیم تشکیل دے کر منشیات فروشی کے خلاف کریک ڈاؤن کیا۔تھانہ سول لائنز پولیس ٹیم نے مخبر کی اطلاع پر ریاض کالونی کے بدنام زمانہ منشیات فروش محمد عمیر ولد مسرت شاہ عرف بنے شاہ کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 1320 گرام چرس برآمد کر لی جبکہ دیگر کارروائیوں میں 2 شراب فروش ملزمان محمد رفیع اور عقیل احمد کو گرفتار کر کے انکے قبضہ سے 90 لیٹر دیسی شراب برآمد کر لی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے ایس ایچ او سول لائنز اور ٹیم کو شاندار کارکردگی پر شاباش دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں تا کہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جا سکے۔منشیات جیسا زہر نوجوان نسل کی تباہی کا سبب ہے۔جس کو ہر صورت روکا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: تھانہ سول لائنز پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائی، گرفتار ملزمان سے 01 کلوگرام سے زائد چرس اور 90 لیٹر دیسی شراب برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(252)

مورخہ 03/05/2023

**بہاولپور ( )ملزمان کو معیاری تفتیش کے ذریعے منطقی انجام تک پہنچانے کا عزم۔ پولیس اور پراسیکیوشن ایک پیج پر، اگر پولیس کی تفتیش جدید اور معیاری ہوگی تو کسی صورت ملزمان عدالتوں سے بری نہیں ہو سکتے۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیل کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی معیاری تفتیش سے متعلق احکامات کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور سید محمد عباس کی ہدایت پر ایس پی انویسٹی گیشن سلمان لیاقت نے پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ کے تعاون سے ہومی سائیڈ انویسٹی گیشن یونٹ اور نارکوٹکس انویسٹی گیشن یونٹ کے افسران کیلئے تربیتی سیشن کا انعقاد کیا۔سودمند سیشن میں مقدمہ درج ہونے سے ملزم کو سزا ہونے تک کے تمام مراحل پر تفصیلی گفتگو عمل میں لائی گئی ،موقعہ ملاحظہ،شواہد اکٹھے کرنا،مقدمہ کی ترتیب وتشکیل، پولیس فائل اور چالان مرتب کرنے کے تمام پہلو زیر بحث آئے۔پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ کے افسران نے پولیس تفتیش کے بنیادی نقائص کو اجاگر کیا تاکہ ان کی تصیح کر کے ملزمان کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے۔سیشن میں خاص طور پر قتل اور منشیات کے کیسز پر بات کی گئی۔ایس پی انویسٹی گیشن سلمان لیاقت، ڈی ایس پی لیگل عبدالرف اور ڈپٹی پبلک پراسیکیوٹر جاوید نور نے اظہار خیال کیا اور کہا کہ اگر پولیس کی تفتیش جدید اور معیاری ہوگی تو کسی صورت ملزمان عدالتوں سے بری نہیں ہو سکتے۔ایس پی انویسٹی گیشن سلمان لیاقت نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ معیاری تفتیش عمل میں لاتے ہوئے ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ پولیس افسران کی ٹریننگ کا مقصد معاشرے کے جرائم پیشہ افراد کو عدالتوں کے ذریعے کیفرکرادرتک پہنچا کر معاشرے کے امن کو بحال رکھنا ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور:پولیس لائنز میں تفتیشی افسران کو تفتیش کی معیار کو بہتر بنانے کیلئے ایس پی انویسٹی گیشن ،ڈی ایس پی لیگل اور ڈپٹی پراسیکیوٹر لیکچر دیتے ہوئے

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(253)

03-05-2023

**بہاولپور(          )پولیس کی جانب سے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے مشکوک اشخاص وگاڑیوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری، ماہ اپریل 2023 میں بہاولپور پولیس نے 24991 مشکوک افراد کی چیکنگ۔124 مجرمان اشتہاری اور 5 عدالتی مفرور گرفتار۔6408 مشکوک وہیکلز کی چیکنگ۔13 مطلوب وہیکلز ضبط۔جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے جرم کو ہونے سے پہلے روکا جاسکتا ہے۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے جدید ٹیکنالوجی پر زور دیا۔اسی سلسلے میں جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے۔ماہ اپریل 2023 میں بہاولپور پولیس نے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے چیکنگ کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے، جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے مشکوک افراد اور مشکوک گاڑیوں کی چیکنگ جاری ہے، دوران چیکنگ 24991 مشکوک لوگوں کو چیک کیا جس کے تناظر میں مجرمان اشتہاری کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 124 مجرمان اشتہاری اور 5 عدالتی مفروران کو بھی گرفتار کرلیا۔جبکہ کل 6408 مشکوک گاڑیوں کو چیک کیا گیا جس پر 13 گاڑیوں کا سراغ لگا کر انکو ضبط کیا گیا۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کیں کہ روزانہ کی بنیاد پر ایسی کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے، جدید تکنیکی استعارات کا استعمال جرم کو ہونے سے پہلے روک سکتا ہے۔جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کو مانیٹر کیا جا کر انکو انجام تک پہنچایا جائے جس کے وہ مستحق ہیں۔وہی آفیسر میرا فیورٹ ہے جو پریکٹیکل پولیسنگ میں برتری لے گا اور جو کوئی آفیسر ٹائم پاس کرے گا اس کو کسی ذمہ دار سیٹ پر رہنے کا حق نہیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور() پولیس کی جانب سے ای پولیس پوسٹ کے ذریعے مشکوک اشخاص وگاڑیوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری